A'MAAL · MONTH OF RAMAZAN

# Etiquettes of Iftaar

# افطار کے آداب

It is recommended to break the fast with legally earned food, especially dates. This act doubles the reward of the prayer to 400 folds. It is also advisable to break the fast with dates, ripe dates, candy, sugar-candy and hot water.

نمازِ عشا کے بعد افطار کرنا مستحب ہے مگر یہ کہ کمزوری زیادہ ہو یا افطار میں کوئی شخص اس کا منتظر ہو۔ حرام اور مشکوک چیزوں سے افطار نہ کرے۔ بلکہ اس کے لئے حلال و پاکیزہ چیزیں استعمال کرے حلال خرما سے افطار کرے تا کہ اس کی نماز کا ثواب چار سو گنا ہو جائے پانی، تازہ کھجور اور دودھ، حلوہ، مٹھائی اور گرم پانی میں سے جس چیز سے افطار کرے بہتر ہے۔

A hadith reads, "Almighty Allah releases from Hell fire one million persons at the last hour of every day in Ramadan; therefore, pray Almighty Allah to include you with these released ones."

روایت میں ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شام دس لاکھ انسانوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کیا جاتا ہے لہذا دعا کرے کہ وہ بھی ان میں سے ایک ہو۔

It is recommended to give alms at the time of breaking the fast and to offer food to the other fasters even if with a single date and a drink of water. Concerning this, the Holy Prophet (s) is reported to have said, "Verily, anyone who offers food for a faster in Ramadan will have the same reward that is decided for the faster without having any amount of his reward reduced and will have the same reward of acting good deeds according to the power of that food."

افطار کے وقت صدقہ دے اور دیگر مومنوں کا روزہ افطار کرائے چاہے ایک کھجور یا پانی کے ایک گھونٹ سے ہی کیوں نہ ہو، رسول اللہؐ سے روایت منقول ہے: جو شخص کسی کا روزہ افطار کرائے تو اس کو بھی روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا جب کہ اس روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہیں ہوگی۔ نیز اس طعام کی قوّت سے افطار کرنے والا جو نیکی کرے گا اس کا ثواب افطار کرانے والے کو بھی ملے گا۔



Free to read, copy and share

> Allamah al-Hilli, in al-Risalah al-Sa'diyyah, has narrated that Imam Ja'far al-Sadiq (a) said, "As for any believer who feeds another believer with a single bite of food in Ramadan, Almighty Allah will decide for him the reward of manumitting thirty believing slaves and will decide to respond to his prayers."

> آیۃ اللہ علامہ حلیؒ نے رسالۂ سعدیہ میں امام جعفر صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: جو شخص اپنے مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے اس کو تیس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور خدا کے ہاں اس کی ایک دعا بھی قبول ہوگی۔

Printed from https://fzic.org/library/amaal/etiquettes-of-iftaar-1580 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.